طریقہ محفلِ عشق
سلسلہ عالیہ سراجیہ حقانیہ

1. بیان
2. ذکرِ چشتیہ
3. تلاوتِ قرآنِ پاک
4. حمد
5. نعتیہ کلام
6. منقبت سلسلہ
7. شجرہ شریف
8. عشقیہ کلام تا کہ سامعین کے قلوب میں آتشِ عشق کے شعلے بھڑک اٹھیں اور پرواز میں مدد ملے
9. مبارکباد
10. رَنگ مع شجرہ
11. دعا۔

یاد رہے کہ محفلِ ذکر و نعت میں ہر کلام سے پہلے درود شریف پڑھا جاتا ہے اور کبھی کبھار سلام و قیام بھی کیا جاتا ہے مگر محفلِ عشق میں یہ سب نہیں کیا جاتا۔

صرف مستند بزرگوں کا کلام پڑھا جائے۔ فلمی طرزیں، گروپوں کا گایا ہوا کلام اور غیر مستند کلام کو حرام سمجھا جائے۔ فارسی یا عربی کلام کی صورت میں اس کے ترجمے کو بھی گرہ کی صورت میں شامل کیا جائے تا کہ تمام سامعین کو سمجھ آ سکے۔ ہجر پڑھنے سے اجتناب کیا جائے۔

کلام برائے محفلِ عشق
جمادی الثانی ۱۴۳۰ھ بمطابق مئی ۲۰۰۹ء

حمد

نعتیہ کلام

منقبت سلسلہ

کلام: حضرت عبد الحق سرجی حقانی صاحبؒ

خدا دارم خدا دارم محمد مصطفٰیؐ دارم
فلاحِ دو جہاں دارم محمد مصطفٰیؐ دارم

زہے نامِ محمد اثر پُر تاثیر ذاتِ او
بریں نازم بریں نازم محمد مصطفٰیؐ دارم

ابو بکرؓ و عمر فاروقؓ، عثمانؓ و علی حیدرؓ
زہے یارانِ او دارم محمد مصطفٰیؐ دارم

حُسینؓ و حسنؓ، علی زہرہؓ، علی اکبرؓ، علی اصغرؓ
شاہ زین العابدینؓ دارم محمد مصطفٰیؐ دارم

شاہ باقرؓ، جعفرؓ و موسیٰ رضاؓ، تقیؓ و نقی عسکرؓ
امامِ مہدیؓ دارم محمد مصطفٰیؐ دارم

خوشا تاثیر ذکرِ حق کہ باطل سرنگوں گردد
چہ ضربِ حیدریؓ دارم محمد مصطفٰیؐ دارم

غلامم سلسلۂ قادریؒ و چشتیؒ و صابرؒ
فلاحِ دو جہاں دارم محمد مصطفٰیؐ دارم

فیوضِ نقشبندؒ و سہروردؒ و ہم قرن دارم
عقیدت با جمیع اولیائے مصطفٰیؐ دارم

فخرِ دارم بریں نسبت کہ حقِ فیضِ سراج الحقؒ
رموزِ معرفت دارم محمد مصطفٰیؐ دارم

شجرہ شریف (اسمائیہ منظوم)

عشق

کلام: شاہ احمد نیاز رحمۃ اللہ علیہ

عشق میں تیرے کوہِ غم سر پہ لیا جو ہو سو ہو
عیش و نشاطِ زندگی چھوڑ دیا جو ہو سو ہو

پوچھو نہ مجھ خراب سے یارو صلاح کار تم
اپنے تو اب نہیں ہوش بجا جو ہو سو ہو

مجھ سے مریض کو طبیب ہاتھ تو اپنا مت لگا
اِس کو خدا پے چھوڑ دے بہر خدا جو ہو سو ہو

عقل کے مدرسہ سے اُٹھ عشق کے میکدہ میں آ
جامِ فناء و بے خودی اب تو پیا جو ہو سو ہو

لاگ کی آگ لگتے ہی پنبہ نمط یہ جل گیا
رختِ وجود جان و تن کچھ نہ بچا جو ہو سو ہو

دیدہ و دِل بہم ہیں ایک سوجھ میں اور بوجھ میں
آنکھوں کے سامنے عیاں دِل میں بسا جو ہو سو ہو

ہجر کی جو مصیبتیں عرض کی اُس کے رُو برو — ناز و ادا سے مُسکرا کہنے لگا جو ہو سو ہو
ہستی کے اِس سراب میں رات کی رات بس رہے — صبحِ عدم ہوئی نمود پانؤں اُوٹھا جو ہو سو ہو
دنیا کے نیک و بد سے کام ہمکو نیازؔ کچھ نہیں — آپ سے جو گُزر گیا پھر اُسے کیا جو ہو سو ہو

...

کلام: بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ، گرہ: سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ

اب لگن لگی کی کرئیے، نہ جی سکیے، نہ مرئیے

گرہ:
درد اندر دا اندر ساڑے، باہر کراں تاں گھائل ہُو
حال اساڈا کیویں او جانن، جو دنیا تے مائل ہُو
بحر سمندر عشقے والا، ہر دم ریہندا حائل ہُو
پہنچ حضور آسان نہیں باہُو، اساں نام تیرے دے سائل ہُو

اب لگن لگی کی کرئیے، نہ جی سکیے، نہ مرئیے
تم سنو ہماری بیناں
موہے رات دنے نہیں چیناں
ہن پی بن پلک نہ سرئیے
اب لگن لگی کی کرئیے، نہ جی سکیے، نہ مرئیے
ایہہ اگن برہوں دی بھاری
کوئی ہمری پیت نواری
بن درشن کیسے ترئیے
اب لگن لگی کی کرئیے، نہ جی سکیے، نہ مرئیے

گرہ:
ایہہ تَن میرا چشماں ہووے، میں مُرشد ویکھ نہ رجّاں ہُو
لُوں لُوں دے مُڈھ لکھ لکھ چشماں، ہِک کھولاں ہِک کجّاں ہُو
اتنیاں ڈِٹھیاں صبر نہ آوے، ہور کِتے وَل بَھجّاں ہُو
مرشد دا دیدار ہے باہُو، لکھ کروڑاں حجّاں ہُو

اب لگن لگی کی کرئیے، نہ جی سکیے، نہ مرئیے

بلھا پئی مصیبت بھاری
کوئی کرو ہماری کاری
ایہہ جیہے دکھ کیسے جرئیے
اب لگن لگی کی کرئیے، نہ جی سکیے، نہ مرئیے

...

کلام: حضرت عثمان مروندیؒ (لعل شہباز قلندر) معه پنجابی منظوم ترجمه

نمی دانم که آخر چوں دمِ دیدار می رقصم
مگر نازم به این ذوقے که پیشِ یار می رقصم
پته نئیں کیوں میں دیکھن ویلے اپنے یار دے نچاں
پر ایہوں مان ہے مینوں میں اگّے یار دے نچاں
تو ہر دم می سرائی نغمه و ہر بار می رقصم
به ہر طرزے که می رقصانیم اے یار می رقصم
توں نغماں جد شروع کردا میں اوسے ویلے نچ پیناں
توں جِس رنگ وی نچاؤناں ہے میں بدلے یار دے نچاں
تو آں قاتل که از بہرِ تماشا خونِ من ریزی
من آں بسمل که زیرِ خنجرِ خونخوار می رقصم
توں او قاتل تماشے لئی لہو میرا بہاوناں ایں
میں او زخمی ہاں که نیچے تیری تلوار دے نچاں
بیا جاناں تماشا کُن که در انبوہِ جاں بازاں
بصد سامانِ رُسوائی سرِ بازار می رقصم
ذرا آدیکھ محبوبا توں جاں بازاں دے جھرمٹ وِچ
بہت بے آبرو ہوکے میں وِچ بازار دے نچاں
اگرچه قطرۂ شبنم نه پاید برسرِ خارے
منم آں قطرۂ شبنم به نوکِ خار می رقصم
کدی شبنم دا قطره نوک کنڈے تے نہیں ٹکیا
میں او قطره ہاں شبنم دا که اُتّے خار دے نچّاں
منم عثمانؒ مروندی که یارِ شیخ منصورم
ملامت می کند خلقے و من بردار می رقصم
سجن منصور دا عثمانِ مروندی ہے ناں میرا
بھانویں خلقت دیوے طعنے چڑھ اُتّے دار دے نچّاں

...

کلام: پیر نصیر الدین نصیر گولڑوی

مِری زیست پُر مسرّت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
کوئی بہتری کی صورت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
مجھے حُسن نے ستایا مجھے عشق نے مٹایا
کسی اور کی یه حالت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
وه جو بے رُخی کبھی تھی وہی بے رُخی ہے اب تک
مِرے حال پر عنایت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
وه جو حکم دیں بجا ہے مِرا ہر سخن خطا ہے
اُنہیں مِیری رُو رعایت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
جو ہے گردشوں نے گھیرا تو نصیب ہے یه میرا
مجھے آپ سے شکایت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
تِرے در سے بھی نباہے درِ غیر کو بھی چاہے
مِرے سَر کو یه اجازت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
تِرا نام تک بُھلا دوں تِری یاد تک مِٹا دوں
مجھے اِس طرح کی جرأت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
مَیں یه جانتے ہوئے بھی تِری انجمن میں آیا
که تجھے مِری ضرورت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی
تُو اگر نظر مِلائے مِرا دَم نکل ہی جائے
تجھے دیکھنے کی ہمّت کبھی تھی نه ہے نه ہوگی

جو گِلہ کیا ہے تُم سے تو سمجھ کے تُم کو اپنا
مجھے غیر سے شکایت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی
ترا حُسن ہے یگانہ، تِرے ساتھ ہے زمانہ
مِرے ساتھ میری قسمت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی
یہ کرم ہے دوستوں کا جو وہ کہہ رہے ہیں سب سے
کہ نصیرؔ پر عنایت کبھی تھی نہ ہے نہ ہوگی

مبارک باشد

مبارک باشد و باشد مبارک
بحقِ نون و یٰسین و تبارک

مبارک باد (حضرت سرمد رحمۃ اللہ علیہ)

ہر کوئی محفلِ شاہانہ مبارک باشد
ساقیا بادہ و پیمانہ مبارک باشد
با تو نسبت نہ بُود، اے شاہِ خوبانِ جہاں
اے پری غمزۂ تُرکانہ مبارک باشد
بر لبِ چوئے مصفّٰہ بہ ہزاراں عنوان
لبِ یار و لبِ پیمانہ مبارک باشد
ساغر و بادہ اگر نیست، بکف ساقی را
گردشِ نرگسِ مستانہ مبارک باشد
بِنشین بر سرِ تختِ ازلی تابا ابد
سرمدی دولتِ جانانہ مبارک باشد

مبارک باد (حضرت بیدم وارثی رحمۃ اللہ علیہ)

میکشو مشربِ رندانہ مبارک باشد
بیعتِ مرشدِ مے خانہ مبارک باشد
آج ہے عید تری دیدۂ دیدار طلب
یار ہے زینتِ کاشانہ مبارک باشد
زخم ہائے دلِ صد چاک مبارک ہم کو
یار کو غمزۂ ترکانہ مبارک باشد
میکدہ کھلتے ہی رحمت کی گھٹائیں آئیں
گردشِ ساغر و پیمانہ مبارک باشد
پیچ و خم یار کی زلفوں کے لیے راس آئیں
تجھ کو وحشت دلِ دیوانہ مبارک باشد
یاخدا طالبِ اکسیر کو اکسیر مِلے
ہم کو خاکِ درِ جانانہ مبارک باشد
آئینہ خانہ بنا عالمِ صورت بیدم
لطفِ نظارۂ جانانہ مبارک باشد

رنگ

دوہے (رنگ سے پہلے گرہ):

خسرو رین سہاگ کی ، جاگی پی کے سنگ
تَن میرو مَن پیو کو ، دوؤ بھئے اِک رنگ

رینی چڑھی رسول کی ، سو رنگ مولا کے ہاتھ
جن کا چولا رنگ دیا ، سو دھن دھنوا کے ساتھ
اے ماٹی کے دیوڑو ، تم سُنیو ہَمری بات

آج خواجہ کے گھر رنگ ہے ، تم جَگیو ساری رات

کلام (رنگ):

آج رنگ ہے اے ماں رنگ ہے ری
مورے خواجہ کے گھر رنگ ہے ری
مورے محبوب کے گھر رنگ ہے ری

موہے پیر پایو ، مُعین الدّین اولیاء
مُعین الدّین اولیاء ، قطب الدّین اولیاء
قطب الدّین اولیاء ، فرید الدّین اولیاء
فرید الدّین اولیاء ، علاؤ الدّین اولیاء
علاؤ الدّین اولیاء ، شمس الدّین اولیاء

میں تو جب دیکھوں مورے سنگ ہے ری ماں
مورے خواجہ کے گھر رنگ ہے ری

موہے پیر پایو ، علاؤ الدّین اولیاء
موہے پیر پایو ، علاؤ الدّین اولیاء
علاؤ الدّین اولیاء ، سراج الحق اولیاء

موہے پیر پایو ، سراج الحق اولیاء
سراج الحق اولیاء ، شاہ عبد الحق اولیاء
عبد الحق اولیاء ، ریاض الحق اولیاء

میں تو جب دیکھوں مورے سنگ ہے ری ماں
مورے خواجہ کے گھر رنگ ہے ری

میں تو تورا رنگ بھُل گئی رے ماں
میں تو ایسو رنگ اور نہیں دیکھی رے

دیس بدیس میں ڈھونڈ پھری ہوں
تورا رنگ من بھایو سراج الحق
تورا رنگ من بھایو شاہ عبد الحق
تورا رنگ من بھایو ریاض الحق

سجن ملاوڑا ، مورے گھر آیو
سجن ملاوڑا ، مورے گھر آیو
سراج الحق کا ملاوڑا ، مورے گھر آیو
عبد الحق کا ملاوڑا ، مورے گھر آیو
ریاض الحق کا ملاوڑا ، مورے گھر آیو

میں تو جب دیکھوں مورے سنگ ہے ری ماں
مورے خواجہ کے گھر رنگ ہے ری
آج رنگ ہے اے ماں رنگ ہے ری